روزنامہ

الفضل

ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 12 اگست 2009ء 20 شعبان 1430 ہجری 12 ظہور 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 182

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

کتاب بحر الجواھر میں لکھا ہے کہ ابوالخیر نام ایک یہودی تھا جو پارساطبع اور راستباز آدمی تھا۔ اور خدا تعالیٰ کو واحد لاشریک جانتا تھا۔ ایک دفعہ وہ بازار میں چلا جاتا تھا تو ایک مسجد سے اُس کو آواز آئی کہ ایک لڑکا قرآن شریف کی یہ آیت پڑھ رہا تھا .... یعنی کیا لوگ گمان کرتے ہیں کہ یونہی وہ نجات پا جاویں گے صرف اس کلمہ سے کہ ہم ایمان لائے۔ اور ابھی خدا کی راہ میں اُن کا امتحان نہیں کیا گیا کہ کیا ان میں ایمان لانے والوں کی سی استقامت اور صدق اور وفا بھی موجود ہے یا نہیں؟ اِس آیت نے ابوالخیر کے دل پر بڑا اثر کیا اور اُس کے دل کو گداز کر دیا۔ تب وہ مسجد کی دیوار کے ساتھ کھڑا ہو کر زار زار رویا۔ رات کو حضرت سیّدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اُس کی خواب میں آئے اور فرمایا یا اباالخیر اعجبنی ان مثلک مع کمال فضلک ینکر بنبوّتی۔ یعنی اے ابوالخیر مجھے تعجب آیا کہ تیرے جیسا انسان باوجود اپنے کمال فضل اور بزرگی کے میری نبوت سے انکار کرے۔ پس صبح ہوتے ہی ابوالخیر مسلمان ہو گیا اور اپنے اسلام کا اعلان کر دیا۔

خلاصہ یہ کہ میں اِس بات کو بالکل سمجھ نہیں سکتا کہ ایک شخص خدا تعالیٰ پر ایمان لاوے اور اُس کو واحد لاشریک سمجھے اور خدا اُس کو دوزخ سے تو نجات دے مگر نابینائی سے نجات نہ دے حالانکہ نجات کی جڑھ معرفت ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے .... یعنی جو شخص اِس جہان میں اندھا ہے وہ دُوسرے جہان میں بھی اندھا ہی ہوگا یا اِس سے بھی بدتر۔ یہ بات بالکل سچ ہے کہ جس نے خدا کے رسولوں کو شناخت نہیں کیا اُس نے خدا کو بھی شناخت نہیں کیا۔ خدا کے چہرے کا آئینہ اُس کے رسول ہیں۔ ہر ایک جو خدا کو دیکھتا ہے اسی آئینہ کے ذریعہ سے دیکھتا ہے .... اور ہم دیکھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ جس شخص پر رحمت کرنا چاہتا ہے پہلے اُس کو آنکھیں بخشتا ہے اور اپنی طرف سے اُس کو علم عطا کرتا ہے۔ صدہا آدمی ہمارے سلسلہ میں ایسے ہوں گے کہ وہ محض خواب یا الہام کے ذریعہ سے ہماری جماعت میں داخل ہوئے ہیں اور خدا تعالیٰ کی ذات وسیع الرحمت ہے اگر کوئی ایک قدم اس کی طرف آتا ہے تو وہ دو قدم آتا ہے۔ اور جو شخص اُس کی طرف جلدی سے چلتا ہے تو وہ اُس کی طرف دوڑتا آتا ہے اور نابینا کی آنکھیں کھولتا ہے۔ پھر کیونکر قبول کیا جائے کہ ایک شخص اُس کی ذات پر ایمان لایا اور سچے دل سے اُس کو وحدہ لاشریک سمجھا اور اس سے محبت کی اور اس کے اولیاء میں داخل ہوا۔ پھر خدا نے اُس کو نابینا رکھا اور ایسا اندھا رہا کہ خدا کے نبی کو شناخت نہ کر سکا۔ اسی کی مؤید یہ حدیث ہے کہ .... یعنی جس نے اپنے زمانہ کے امام کو شناخت نہ کیا وہ جاہلیت کی موت مر گیا اور صراطِ مستقیم سے بے نصیب رہا۔

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 150)

مغفرت الٰہی کے نظارے

ایک مرتبہ بحالت کشف حضرت میر محمد اسماعیل صاحب نے دیکھا کہ ’’غفران‘‘ نام کے ایک فرشتہ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ کو میدان حشر کی سیر کرائی ہے اور آپ کو اللہ تعالیٰ کی بخشش کے مناظر دکھائے گئے۔ یہ کشفی حالت حضرت میر صاحب پر اس وقت طاری ہوئی جب کہ آپ اپنے گھر میں اپنے کمرے میں مصروف تحریر تھے۔ دوران کشف حضرت میر صاحب اسی نیم بیداری کی حالت میں وہ تمام باتیں جن کا آپ کشفاً مشاہدہ کر رہے تھے انہیں بلا ارادہ ساتھ ساتھ اصل میں بھی اپنے قلم سے تحریر فرما رہے تھے۔ چنانچہ جب وہ کشفی سیر ختم ہوئی تو اس کی تمام تفصیلات، تحریر کی صورت میں ازخود محفوظ اور قلم بند ہو چکی تھیں۔ صرف آخری جملہ اس تحریر کا، حضرت میر صاحب نے پوری بیداری میں اور اپنے ارادہ سے لکھا اور وہ تھا۔ و آخر دعوٰنا .... یہ مضمون بعد میں مغفرت الٰہی کے نظارے کے نام سے شائع ہوا۔ (مکمل مضمون دیکھئے الفضل 30 دسمبر 2000ء صفحہ 45)

تعلیم القرآن ٹیچرز ٹریننگ کلاس

(برائے ربوہ)

نظارت تعلیم القرآن کے تحت مورخہ یکم تا 10 رمضان المبارک 1430 ہجری (اگست 2009ء) اس سال کی دوسری ’’تعلیم القران ٹیچرز ٹریننگ کلاس‘‘ ربوہ میں منعقد ہوگی۔ یہ خصوصی کلاس ربوہ کے تمام محلّہ جات کیلئے ہوگی۔ اس میں صرف انصار اور خدام شامل ہوں گے۔ شرکاء کو قرآن کریم صحت تلفظ کے ساتھ عربی گرائمر اور ترجمہ قرآن مع مختصر تفسیر سکھایا جائے گا۔ صدران محلّہ اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ ربوہ کے ہر محلّہ سے اس کلاس کیلئے کم از کم دو نمائندگان ضرور بھجوائیں۔ شرکاء درج ذیل باتوں کا ضرور خیال رکھیں۔

☆ طلباء کلاس شروع ہونے سے ایک دن قبل دفتر نظارت تعلیم القرآن آ کر رجسٹریشن ضرور کروالیں۔

☆ اس کلاس کیلئے مستعد افراد کا انتخاب کریں جو قرآن کریم ناظرہ جانتے ہوں اور قرآن پڑھنے اور پڑھانے کا جذبہ اور شوق رکھتے ہوں تا کہ کلاس کے بعد واپس جا کر اپنی جماعت میں تعلیم القرآن کا کام جاری کر سکیں اور سکھانے کیلئے تیار ہوں۔ زیادہ عمر رسیدہ نہ ہوں۔ تعلیم کم از کم میٹرک ہو۔

☆ شرکاء سے گزارش ہے کہ وہ کلاس کیلئے روزانہ باقاعدگی کے ساتھ اور پوری تیاری کے ساتھ آئیں۔ یعنی ضروری اشیاء مثلاً نوٹ بک، قلم وغیرہ ہمراہ لے کر آئیں۔

☆ کلاس میں شرکت کرنے والے افراد صدر محلّہ کا تصدیقی خط اپنے ہمراہ ضرور لائیں اس کے بغیر کلاس میں شرکت ممکن نہ ہوگی۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی)

ضرورت سیکیورٹی گارڈ

بہشتی مقبرہ میں صحت مند مخلص اور خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے ایسے سیکیورٹی گارڈ کی ضرورت ہے جس کی عمر 35 تا 40 سال تک ہو ریٹائرڈ فوجی ہو تو بہتر ہے۔ اپنی درخواستیں صدر صاحب محلّہ یا امیر صاحب مقامی کی تصدیق کے ساتھ مورخہ 15 اگست 2009ء تک نظارت بہشتی مقبرہ کو بھجوائیں۔ (سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

مشعل راہ

امیر غریب سب اکٹھے ہو کر خدا کی عبادت کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ مورخہ 3/اکتوبر 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

..........عبادت کے علاوہ قوم کے تربیتی اور دوسرے مسائل کی طرف بھی توجہ دی جائے تاکہ ایک انصاف پر مبنی معاشرہ قائم ہو سکے اور یہ ترغیب دلانے کے لئے کہ تم .... میں آؤ، ان کو آباد کرو، امیر غریب سب اکٹھے ہو کر میری عبادت کریں۔ فرمایا کہ جب اس طرح تم پانچ وقت میری عبادت کے لئے اکٹھے ہو گے تو اس کا ثواب بھی کئی گنا زیادہ ہوگا۔ اس لئے ہم اس زمانے کے امام کو ماننے والے اور اس کی تعلیم پر عمل کرنے کا دعویٰ کرنے والے ہیں۔ ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ صرف .... بنانے پر ہی خوش نہ ہو جائیں بلکہ .... کو آباد بھی کریں ورنہ ہمارے اور غیروں میں کیا فرق رہ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حضور ایسا جھکنے والے ہوں کہ کوئی انگلی کسی احمدی کی طرف یہ اشارہ کرتے ہوئے نہ اٹھے کہ .... تو بڑی خوبصورت بناتے ہیں لیکن نماز یہ کم پڑھتے ہیں۔ بلکہ کہنے والے یہ کہیں کہ اگر حقیقی عابد دیکھنا ہے، ایسے عبادالرحمٰن دیکھنے ہیں جن کے قریب شیطان نہیں پھٹکتا اور اس کے لئے دین خالص رکھنے والے ہیں تو یہ تمہیں ہر احمدی بچے، بوڑھے، مرد اور عورت میں نظر آئیں گے۔ اللہ کرے کہ ہم میں سے ہر ایک اپنی اس ذمہ داری کو سمجھنے والا ہو۔ کیونکہ عبادت کا اللہ تعالیٰ نے اس قدر تاکید سے حکم فرمایا ہے کہ نماز کا جہاں بھی وقت ہو تم یہ نہ دیکھو کہ اس وقت وضو کے لئے پانی ہے یا نہیں، کپڑے صاف ستھرے ہیں یا نہیں، کوئی ایسی جگہ ہے یا نہیں جہاں تم نماز پڑھ سکو۔ بلکہ جب بھی نماز کا وقت آئے، نماز پڑھو۔ بلکہ حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے لئے تمام زمین .... اور پاک بنائی گئی ہے۔ پس میری امت کے جس فرد کو جس جگہ بھی نماز کا وقت ہو جائے وہ وہیں نماز پڑھے۔ تو یہ ہے تعلیم جس کو ہر احمدی کو اپنے سامنے رکھنا چاہئے۔

پھر فرمایا کہ: تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ .... میں تقویٰ کی زینت کے ساتھ جایا کرو۔ .... تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے بنائی گئی ہے۔ ان میں انہی نیک مقاصد کی ادائیگی ہونی چاہئے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے حکم دیا ہے اور اس کے ساتھ ظاہری صفائی کا خیال رکھنے کا بھی حکم ہے، صاف ستھرا لباس ہو، گندی بدبو نہ آتی ہو، روایتوں میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لہسن پیاز وغیرہ کھا کر .... میں نہ آیا کرو تاکہ ساتھ کھڑے ہوئے مومن جو پوری توجہ سے نماز پڑھنا چاہتے ہیں ان کی نماز میں خلل نہ ہو، ان کی توجہ نہ بٹے بلکہ آپ نے تو یہاں تک فرمایا ہے کہ یہ کھا کر .... کے قریب بھی نہ آؤ کیونکہ فرشتوں کو بھی اس چیز سے تکلیف ہوتی ہے جس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ اس لئے کچا لہسن یا پیاز کھا کر .... نہیں آنا چاہئے۔

پھر زینت ظاہری کے بارہ میں اور نماز میں توجہ رکھنے کی وجہ سے وضو کا بھی حکم ہے۔ اس سے ایک تو صفائی پیدا ہوتی ہے دوسرے ذرا آدمی Active ہو جاتا ہے وضو کرنے سے اور توجہ سے نماز پڑھتا ہے اور خاص طور پر جمعہ کے دن تو نہا کر آنے کو پسند کیا گیا ہے۔ تو بہرحال مقصد یہ ہے کہ ظاہری طور پر بھی صفائی کا خیال رکھو تو روح کی بھی صفائی کی طرف توجہ ہوگی، اللہ تعالیٰ کی خشیت اور تقویٰ بھی دل میں پیدا ہوگا۔ اس ضمن میں چند احادیث پیش کرتا ہوں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ .... میں ذاتی یا دنیاداری کی باتیں کرنا بالکل منع ہے اور صرف ذکر الٰہی کے لئے .... بنائی گئی ہیں اور اس طرف توجہ ہمیں دینی چاہئے۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے .... میں مشاعرہ کے رنگ میں اشعار پڑھنے سے منع فرمایا ہے اور (اس بات سے بھی منع فرمایا ہے کہ) اس میں بیٹھ کر خرید و فروخت کی جائے اور .... میں جمعہ کے دن نماز سے پہلے لوگ حلقے بنا کر بیٹھے باتیں کریں۔

(ترمذی کتاب الصلوٰۃ)

(روزنامہ الفضل 10فروری 2004ء)

غزل

شاہ دیکھتے ہیں منصبِ عالی کی حیثیت
وہ دیکھتے نہیں ہیں سوالی کی حیثیت

دستِ سخی نے عزت و توقیر بخش دی
ورنہ تھی خاک دامنِ خالی کی حیثیت

پیوستہ جب تلک ہے شجر کے نصیب سے
تب تک خوشا نصیب ہے ڈالی کی حیثیت

نام و مقام مل گیا غالب کے نام سے
ورنہ ادب میں کچھ نہ تھی حالی کی حیثیت

چاہے زمانہ دے لے کڑی سے کڑی سزا
قائم رہے گی روحِ بلالی کی حیثیت

من بھائے جو پیا کے سہاگن وہی بنے
گوری کی حیثیت ہے نہ کالی کی حیثیت

قدسی یہ سارا حسنِ نظر کا کمال ہے
ورنہ ہے خاک ہونٹوں کی لالی کی حیثیت

عبدالکریم قدسی

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم نوید احمد اشرف صاحب

قدرت کی رنگینیوں سے مزین

وادی نیلم کشمیر میں ہائیکنگ

آخر کار موسم گرما 2008ء کی تعطیلات بھی آ ہی گئیں جن کا ہمیں کئی ماہ سے بے چینی سے انتظار تھا۔ ماہ جولائی کا آغاز ہی تھا اور موسم گرما اپنے عروج پر تھا کہ ہمیں ڈھونڈ ڈھونڈ کر اپنی گرمی سے آشنا کروا رہا تھا اور بجلی تھی کہ ہر چند ایسی غائب ہوتی کہ ہم بیٹھے بیٹھے پسینے سے نہائے جاتے۔

صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے بابرکت سال میں قرآنی حکم سیروا فی الارض پر عمل کرتے ہوئے ہم نے قدرت کی بے شمار رنگینیوں سے لطف اندوز ہونے کے لئے رختِ سفر باندھا۔

یہ ہائیکنگ گروپ خاکسار سمیت کل 10 افراد پر مشتمل تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط اور صدقہ دینے کے بعد ہم نے سفر کا آغاز کیا اور نہایت خوشی خوشی رات کو ربوہ سے راولپنڈی کی طرف اجتماعی دعا کے بعد بذریعہ کوچ روانہ ہوئے۔ گاڑی اپنی رفتار میں موٹروے پر رواں دواں تھی اور ہم اپنے ساتھیوں کے ہمراہ میٹھی نیند کے مزے لے رہے تھے۔ بادصبا کے چلنے کے ساتھ سفیدی پھوٹ ہی رہی تھی کہ ہم راولپنڈی پہنچے۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد ناشتہ ہوٹل سے کیا۔ راولپنڈی سے ہم بذریعہ وین آزاد کشمیر کے دارالخلافہ مظفر آباد جانے کے لئے روانہ ہوئے۔ اسلام آباد جیسے خوبصورت دارالحکومت کی کشادہ سڑکوں پر رواں دواں، سرسبز پہاڑوں کا آغاز ہوگیا تھا، آسمان پر بادل چھائے ہوئے تھے اور ٹھنڈی ٹھنڈی بادصبا چھوکر مسحور کر رہی تھی۔ راستے میں ایک خوبصورت مقام پر کچھ دیر قیام کے بعد ہم ساڑھے گیارہ بجے مظفر آباد پہنچے۔ مظفر آباد میں بھی گرمی کے کیا کہنے وہ یہاں بھی ہمارے پیچھے آ گئی۔

کیرن روانگی

ہم نے جلدی سے مظفر آباد سے ایک لوکل بس کے ذریعے دوبارہ سفر کا آغاز کیا اور ''اٹھمقام'' نامی جگہ سے ہوتے ہوئے جو کہ ضلع نیلم کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہے۔ شام کو پانچ بجے 5 ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ایک خوبصورت مقام ''کیرن'' پہنچے۔

مظفر آباد سے نکلتے ہی دریائے نیلم نے بڑے جوشیلے انداز میں ہمیں خوش آمدید کہا۔ یہ دریا اس جگہ قریباً 15 سے 20 فٹ گہرا ہے۔ شدید ٹھنڈا پانی اتنی تیزی سے بہہ رہا ہوتا ہے کہ بڑے بڑے پتھر بھی اس کے آگے ٹھہر نہیں سکتے۔ یہ 300 کلومیٹر کا سفر دریا کے کنارے کنارے ہی گزرا۔ دریا ہم سے ہزار سے دو ہزار فٹ نشیب کی جانب ہوتا تھا اور اس کی ہیبت کہ بہادر سے بہادر آدمی بھی جو پہلی بار وہاں گیا ہو اس کی جانب دیکھ نہیں سکتا۔

بل کھاتے دریا کے ساتھ ہماری سڑک بھی ایسے ایسے بل کھا رہی تھی کہ بعض اوقات ہمیں بھی چونکا کر رکھ دیا۔ ان لوکل بسوں میں کافی رش ہوتا ہے۔ ان لوکل بسوں میں سفر کر کے ہمیں کسی شخص کی وہ بات یاد آ گئی، کہ جب اس کی بیوی نے نہایت اصرار کیا ڈرائیونگ کرنے کا تو اس پر اس نے کہا:۔

''بیگم ہم جائیں گے تو گاڑی پر، لیکن آئیں گے اخبار پر''

راستے میں کئی مقامات پر پتھروں کو توڑنے کے لئے مشینیں لگی ہوئی تھیں اور گاہے بگاہے ایسے پہاڑ بھی دکھائی دیئے جن کے بڑے بڑے حصہ 2005ء میں زلزلہ کی وجہ سے ان سے جدا ہو کر دریا کی نذر ہو گئے تھے جوں جوں ہم آگے بڑھ رہے تھے قدرت کی رنگینیاں بڑھتی ہی جا رہی تھیں۔

راستے میں مظفر آباد سے آگے وہ مقام بھی دیکھا جہاں اس زلزلے کا مرکز تھا اور وہاں کا پہاڑ فی الواقع ریزہ ریزہ ہو گیا تھا۔ اسی دوران ہماری نظر بار بار دریائے نیلم کی دوسری طرف بھارتی علاقے کی طرف اٹھ رہی تھی دونوں ممالک کے درمیان حد فاصل صرف 30,20 فٹ چوڑا دریائے نیلم ہی ہے اور دونوں طرف اکثر آبادی کشمیری مسلمانوں کی ہے۔

کیرن میں ایک بہت بڑا اور خوبصورت ریسٹورنٹ بھی ہے جو کافی مہنگا بھی ہے اور اس روز چونکہ وہاں کسی وزیر مملکت کی آمد تھی اس لیے انہوں نے ہمیں وہاں قیام کی اجازت نہ دی۔ ہم نے تلاش بسیار کے بعد ادھر قیام کی بجائے ایک ڈیڑھ کلومیٹر واپس جا کر ایک کشادہ سرسبز جگہ تلاش کر کے اپنے خیمہ جات لگائے۔ یہاں دریائے نیلم کے دو بڑے حصوں کا سنگم تھا۔ یہ بہت ہی خوبصورت جگہ تھی اتنی کہ ہم اپنی ساری تھکاوٹ بھول گئے۔

ہم دریائے نیلم کے انتہائی ٹھنڈے پانی سے دیر تک لطف اندوز ہوتے رہے۔ اس دریا کے کنارے، چھوٹے بڑے انتہائی خوبصورت رنگا رنگ پتھر بھی ہمیں اپنی طرف متوجہ کرنے میں پیچھے نہ رہے۔ ہم نے ذرا سی دیر میں مختلف رنگوں کے مختلف شکلوں والے کئی پتھر چنے اور ان کی خوبصورتی دیکھ کر خدا تعالیٰ کی حمد کیے بغیر نہ رہ سکے۔

یہاں کے مقامی افراد کا بھی کیا کہنا؟ ہمیں نہایت ہی فراخ دلی سے اپنے علاقے میں خوش آمدید کہا اور ہر طرح آسانی مہیا کرنے کی کوشش کی۔

کیرن سے کلواں گاؤں تک

کیرن میں رات گزارنے کے بعد اگلے دن بارہ بجے ہم جیپ کے ذریعے کچھ دیر میں ''لوات پائیں'' پہنچے۔ یہاں سے دوپہر کا کھانا کھا کر ہم دوبارہ جیپ کے ذریعے روانہ ہوئے۔ اپنی نئی منزل کی طرف جو ''ڈرنڈا'' کے نام سے موسوم تھی۔ جیپ کا یہ سفر نہایت ہی پُر لطف گزرا۔ شام ہونے کے ساتھ ساتھ سردی بڑھنے لگی اور اب تو پہاڑوں پر بھی برف دکھائی دینے لگی تھی۔

ہم لوات پائیں کے بعد ''لوات بالا'' اور پھر ''لوات بیلہ'' سے گزر کر کافی مشکل راستہ طے کرتے ہوئے شام 5 بجے کے قریب ڈرنڈا پہنچے۔

ہم نے جیپ کو الوداع کیا اور اپنے بیگز (رک سیک) پہننے کے بعد ہائیکنگ کا آغاز کیا اور چند ایک گلیشیئرز پر سے گزرتے ہوئے ہم سورج ڈھلنے سے پہلے پہلے کلواں گاؤں پہنچ کر خیمہ زن ہوئے۔

کلواں میں ایک بہت بڑا گراؤنڈ ہے اور سارے گراؤنڈ پر قدرت نے سبز رنگ کا دبیز قالین بچھایا ہوا ہے اور 3 اطراف میں سرسبز پہاڑ ہیں، جبکہ ایک طرف نالہ اور ساتھ ہی کچھ گھر آباد ہیں۔ یہ شام ہمارے لئے بہت ہی پیاری تھی۔ انتہائی سردی میں ہم نے کیمپ فائر کی اور اس کے اطراف میں بیٹھے چائے سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ جو ہم نے وہیں پر بنائی تھی۔ ہمیں دیکھ کر مقامی لوگ بھی ہمیں ملنے آ گئے تھے اور ان کے ساتھ دلچسپ باتوں میں وقت جلد ہی گزر گیا۔

سرسبز وادی میں اس کے سکوت کو توڑنے والی صرف اس پانی کی آوازیں تھیں جو اس کے اوپر سے تیزی سے گرنے کی وجہ سے پیدا ہو رہی تھیں۔

پتلیاں گاؤں روانگی

ہم نہایت تھکے ہارے سوئے تھے جلد ہی صبح ہو گئی لگتا تھا کہ سورج بھی جلد ہی نکل آیا۔ ہم اس حسین صبح سے لطف اندوز ہوئے، وہاں کے مقامی بچوں سے کرکٹ کھیلی، ان کی معصوم بھولی بھولی باتوں سے محظوظ ہوئے اتنے میں ہمارا ناشتہ تیار ہو گیا۔ ہم نے ناشتے کے بعد تیاری کی اور وہاں کے لوگوں کو الوداع کہتے ہوئے پتلیاں گاؤں کی طرف روانہ ہوئے۔ دریا ہماری مخالف سمت میں بہہ رہا تھا۔ بڑے بڑے گلیشیئرز کو عبور کرتے ہوئے ہم مسلسل بلندی پر چڑھ رہے تھے۔ اس موقع پر ہمارے چھوٹے بیگ (Day Pack) بھی بڑے کام آئے۔ جن میں ہم نے مختلف کھانے پینے کی چیزیں رکھی تھیں۔ راستے میں ایک گاؤں کے لوگوں نے ہمیں دیکھا تو لسی لے کر آ گئے۔ ہم نے ان کی اس مہمان نوازی کا شکریہ ادا کیا اور بچوں کو کچھ تحائف دے کر رخصت ہوئے۔

اب ہم چلتے چلتے اتنی بلندی پر آ گئے تھے کہ اچانک ہوا کے ساتھ بادلوں نے ہمیں آ گھیرا اور ہم ایک دوسرے سے اوجھل ہونے لگے۔

ابھی ہم پتلیاں گاؤں پہنچے ہی تھے کہ وہاں کے مقامی لوگ فوراً خوش آمدید کہتے ہوئے آ گئے۔ یہ ایک خوبصورت جگہ تھی۔ یہاں قدرت کا بنایا ہوا کرکٹ کا ایک بہت بڑا سٹیڈیم بھی ہے۔ جہاں ہر سال ٹورنامنٹ ہوتا ہے اور دور دور سے ٹیمیں یہاں آ کر ان حسین نظاروں اور کھیل سے لطف اندوز ہوتی ہیں چونکہ اس علاقے میں برف کثرت سے پڑتی ہے اس لئے یہاں درخت نہیں ہیں بلکہ بڑی بڑی سرسبز چراگاہیں ہیں۔ اس وجہ سے یہ لوگ گرمیوں کے ان چند مہینوں میں اپنے جانوروں کو لے کر اس علاقے میں آ بستے ہیں اور سردیوں کے آتے ہی یہ سب یہاں سے نقل مکانی کر جاتے ہیں۔

اس دور دراز علاقے میں، جہاں بجلی ہے نہ آمدورفت کے ذرائع، حالات حاضرہ سے باخبر رہنے کا واحد ذریعہ ریڈیو کی نشریات ہی ہیں۔

پتلیاں گاؤں میں قیام کا عجیب ہی لطف آیا۔ یہاں پہاڑوں سے بڑے بڑے نالے آ کر ملتے تھے اور موسم ایسا کہ جس کا کوئی اعتبار ہی نہیں۔ ابھی شام بھی نہ ہوئی تھی کہ بادلوں نے پہلے ہی شام کر دی اور بارش کی پھوار پڑنے لگی ہم نے کیمپ لگائے اور اپنے Sleeping bags میں گھس گئے، اور رات گئے ادبی محفل برپا کی اور اس سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

پتلیاں جھیل کو روانگی

اگلا دن چڑھا تو آسمان بہت ہی صاف اور اجلا اجلا تھا، پہاڑوں کے درمیان سے سورج چڑھتا دکھائی دے رہا تھا اور کرنیں تھیں کہ ہر سُو پھیل کر نئی صبح کی نوید دے رہی تھیں۔

آج ہمارا ارادہ پتلیاں جھیل پر جانے کا تھا، ہم نے تیاری کی اور اپنے بیگز (rucksacks) کو خیموں میں ہی رکھ کر ہم نے Sticks اور day packs ساتھ لئے اور روانہ ہونے لگے۔

چونکہ دھوپ تھی اس لئے چبھن محسوس ہونے لگی۔ آسمان چونکہ صاف اور دھوپ نکلی ہوئی تھی اس لئے ہم نے Sticks کے ساتھ ساتھ نہ چاہتے ہوئے بھی برساتیاں اٹھا لیں۔ (برساتی۔ ایسا لباس جو سر سے ٹانگوں تک آپ کو ڈھانپ لیتا ہے اور بارش سے بچاتا ہے) ابھی ہم پون گھنٹہ چڑھائی چڑھے ہوں گے کہ بادلوں نے اچانک اس طرح ہمیں آ گھیرا کہ ہمیں اس کی آمد کا خیال بھی نہ تھا۔ جب بارش ہونی شروع ہوئی تو برساتیاں ہمارے کام آئیں۔

ابھی ہم جھیل کی طرف روانہ ہی ہوئے تھے کہ وہاں کے مقامی افراد ہم سے اپنی الفت کا اظہار کرتے ہوئے آ ملے۔ یہ خدا تعالیٰ کا ہی فضل تھا کہ ہم جو ایک

گائیڈ کی تلاش میں تھے، اس نے ایک کے بجائے 16 افراد بھیج دیئے جو واپسی تک ہمارے ہمسفر رہے۔

یہاں ایک مولی کے پودے کی طرح کا ہی پودا اگتا ہے، جسے مقامی لوگ ''گنا'' کہتے ہیں۔ انہوں نے کئی گنے توڑ کر ہمیں پیش کیے اور خود بھی ان سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

جھیل پہ پہنچنے تک ہم مسلسل بلندی پر بڑھ چڑھ رہے تھے۔ انتہائی پیارے موسم میں سرسبز پہاڑوں پر گلابی اور پیلے رنگ کی تو گویا چادریں بچھی تھیں۔ یہ رنگ برنگے پھول، نازک سی ڈالیوں پر، تیز ہواؤں میں لہلہاتے ہوئے عجیب دلکش منظر پیش کرنے کے ساتھ ساتھ خداتعالیٰ کی حمد کے گیت گا رہے تھے، جنہیں دیکھ کر دل جھوم جاتے تھے۔

پتلیاں جھیل انتہائی بلندی پر پہاڑوں کی چوٹیوں کے درمیان واقع ہے۔ ہم گروپ کی صورت میں پہاڑ پر چڑھتے چڑھتے بہت بلندی پر جا پہنچے تھے۔ ہلکی ہلکی بارش جاری تھی البتہ دھند نے سب کچھ اوجھل کیا ہوا تھا۔ یہاں بھی خداتعالیٰ کا بہت ہی فضل ہوا۔ دھند کی وجہ سے پتلیاں جھیل جو بالکل اوجھل نظروں سے تھی، دعا کے نتیجہ میں یکا یک دھند جھیل پر سے چھٹ کر گویا پہاڑ کی چوٹیوں پر خود کو سمیٹتے ہوئے جا ٹھہری۔

ہم نے دل بھر کر تمام مناظر دیکھے۔ سفید برف پوش پہاڑوں کے درمیان پانی کا اتنا بڑا منبع، جس میں برف کی شفاف چادریں تیرتی ہوئیں انتہائی خوبصورت لگ رہی تھیں۔ ہم نے خوب تصویریں بنائیں اور جب ان خوبصورت مناظر کو یادوں کے فریم میں سجا کر واپس لوٹنے لگے تو دھند نے دوبارہ جھیل پر پردہ ڈال دیا۔

جھیل پر انتہائی سردی میں ہمارے میزبانوں نے ہمیں گڑ، بادام، اخروٹ اور بسکٹ وغیرہ پیش کئے اور ہم رنگ برنگی برساتیوں میں لپٹے ہوئے بخیر و عافیت شام تک پتلیاں گاؤں کے وسیع میدانوں میں لگے ہوئے اپنے خیموں میں پہنچ گئے۔

تھکاوٹ سے جسم چور ہو چکے تھے۔ یہاں چونکہ جانور بہت سستے مل جاتے ہیں اس لئے ہم نے مقامی لوگوں سے -/800 روپے میں ایک بھیڑ خریدی اور اسی کے گوشت سے ہم سب نے مل کر رات کا کھانا کھایا۔

پتلیاں گاؤں سے واپسی

اب جب صبح آنکھ کھلی تو بوندا باندی اب بھی جاری تھی۔ کچھ پانی تو ہمارے خیموں کے اندر بھی آ گیا تھا۔ ہم نے آخر کار کوچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ابھی ہم روانہ ہونے ہی لگے تھے کہ مقامی لوگ ہمارے لئے مکئی کے آٹے کی روٹیاں چائے اور آملیٹ لے آئے۔

آخر گیارہ بجے روانہ ہوئے اور چھ گلیشیئرز پار کرتے ہوئے ڈرنڈا پہنچے۔ یہاں سے جیپ لینے کی بجائے لوات بیلہ تک کا یہ سفر ہم نے پیدل ہی کیا۔

یہ نظارے جو ہم نے لوات بیلہ تک ملاحظہ کئے ناقابل بیان ہیں۔ ہر موڑ پر وادی ایک نیا روپ بدلتی نظر آتی تھی۔ ایک طرف پُر زور دریا کے پانی کا شور، اطراف میں بلند و بالا سرسبز گھنے درختوں سے لدے پہاڑ۔ سورج ڈوبنے کو تھا اور اس کی روشنی ہوائی بادلوں سے ٹکرا کر عجیب رنگ پیدا کر رہی تھی۔

آخر ہم غروب آفتاب سے پہلے ہی لوات بیلہ پہنچے۔ یہاں آس پاس کافی آبادی ہے۔ رہائش کے لئے ہوٹل بھی میسر ہے اور روزمرہ ضرورت کی اشیاء کے لئے دکانیں بھی۔

لوات بیلہ میں داخل ہوتے ہی دریا پر چھوٹا سا پل ہے۔ جسے عبور کرنے سے پہلے ہم کافی دیر تک اس نظارے کو دیکھتے رہے۔

یہ منظر کیا تھا کہ ہمیں اٹھنے ہی نہ دیتا تھا۔ جسم اگرچہ تھکاوٹ سے چور تھا لیکن روح انتہائی مسرور یہاں ایک طرف اخروٹ اور سیب کے بہت سارے درخت تھے تو دوسری طرف دودھ کی طرح کا بہتا ہوا سفید شفاف پانی۔ یہاں ہم نے ہوٹل میں کمرہ بک کروایا اور جلد ہی سو گئے۔

لوات بیلہ سے کیل بالا تک

اگلا دن چڑھا ہم لوات بیلہ سے صبح آٹھ بجے بذریعہ جیپ روانہ ہوئے اور لوات بالا سے ہوتے ہوئے لوات پائیں پہنچے اور ناشتہ ادھر ہی سے کیا۔

یہ وہی ہوٹل تھا جہاں ہم نے پتلیاں جھیل روانگی سے قبل قیام کیا تھا۔ یہاں سے دوبارہ بذریعہ جیپ روانہ ہوئے اور 40 منٹ میں دواریاں پہنچے۔

یہاں سے پھر ہم آگے ''شاردہ'' کی طرف روانہ ہوئے۔ شاردہ ایسا شہر ہے جو تاریخی لحاظ سے بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ دریائے نیلم اس جگہ خوب چوڑائی اختیار کر لیتا ہے۔ تاہم دونوں کناروں پر خوب آبادی ہے، ایک بڑے پل کے ذریعے دونوں حصے آپس میں منسلک ہیں۔ یہاں ہیلی پیڈ بھی موجود ہے۔

سینکڑوں سال قدیم بدھ مت کی تاریخ کے آثار آج بھی نمایاں ہیں۔ یہاں بدھ مت کی بہت بڑی یونیورسٹی قائم تھی، جہاں ہر قسم کی تعلیم دی جاتی تھی۔

یہاں ان حفاظتی مورچوں کے آثار بھی موجود ہیں جنہیں کسی دور میں انگریزوں کے خلاف استعمال کیا جاتا رہا۔ یہاں ہم نے دو سکولوں کا بھی دورہ کیا اور وہاں کے اساتذہ سے بہت سی مفید معلومات حاصل کیں۔ علاوہ ازیں یہاں کی سب سے مشہور تاریخی جگہ شاردہ کا قلعہ ہے۔

قلعہ میں داخل ہونے سے پہلے ایک بڑے بورڈ پر مشہور مسلمان مؤرخ البیرونی کی کتاب الہند کا حوالہ درج ہے جس میں وہ شاردہ کا ذکر کچھ ان الفاظ میں بھی کرتے ہیں۔

''سری نگر کے جنوب، مغرب میں شاردہ واقع ہے۔ اہل ہند اس مقام کو انتہائی متبرک تصور کرتے ہیں اور بیساکھی کے موقع پر ہندوستان بھر سے لوگ یہاں یاترا کے لئے آتے ہیں لیکن برفانی اور دشوار گزار علاقوں کے باعث میں خود وہاں نہیں جا سکا۔''

کنشک اول کے دور میں شاردہ وسطی ایشیا کی سب سے بڑی تدریسی درسگاہ تھی، یہاں بدھ مذہب کی باقاعدہ تعلیم کے ساتھ ساتھ تاریخ، جغرافیہ، ہیئت، منطق اور فلسفے پر مکمل تعلیم دی جاتی تھی۔ اس درسگاہ کا اپنا رسم الخط تھا، جو دیوناگری سے ملتا جلتا تھا اس رسم الخط کا نام شاردہ تھا اسی مناسبت سے موجودہ گاؤں کا نام بھی شاردہ ہے (بحوالہ Icr Islamabad)۔

اس عمارت کو کنشک اول نے 24ء تا 27ء میں تعمیر کرایا تھا۔ کنشک اول نیپال کی ریاست کا شہزادہ تھا۔ شاردہ یونیورسٹی کی عمارت شمالاً جنوباً مستطیل چبوترے کی شکل میں بنائی گئی ہے۔ عمارت کی تعمیر آج کے انجینئرز کو بھی حیرت میں ڈال دیتی ہے۔ یہ عمارت برصغیر میں پائی جانے والی تمام قدیم عمارتوں سے مختلف ہے۔ خاص کر اس کے درمیان میں بنایا گیا چبوترہ ایک خاص فن تعمیر پیش کرتا ہے۔ جو بڑا دلچسپ ہے۔ اس کی اونچائی تقریباً سوفٹ ہے۔ اس کے چاروں طرف دیواروں پر نقش و نگار بنائے گئے ہیں۔ جبکہ مغرب کی طرف ایک دروازہ ہے۔ عمارت کے اوپر اب چھت کا نام و نشان باقی نہیں ہے تاہم مغرب سے اندر داخل ہونے کے لئے سیڑھیاں بنائی گئی ہیں۔

آج بھی کچھ قبائل 63 زیورات پر مشتمل تاج ہاتھی کو پہناتے ہیں اور پھر اس کی پوجا کرتے ہیں، 63 عدد جنوبی ایشیا کی تاریخ میں مذہبی حیثیت رکھتا ہے۔ بدھ مذہب کے عقائد سے ملتی جلتی تصاویر اس میں آج بھی نظر آتی ہیں ان اشکال کو پتھر میں کرید کر بنایا گیا ہے۔

اس عمارت میں ایک تالاب بھی ہوا کرتا تھا جو آج موجود نہیں۔ امراض جلد سے متاثر لوگ اس تالاب میں غسل کرتے اور شفا پاتے چونکہ یہاں پر آنے والا پانی 2 کلومیٹر دور سے سلفر ملے ہوئے تالاب سے لایا گیا تھا۔

تاریخی شواہد کے مطابق شاردہ میں پانچ ہزار افراد موجود تھے۔ شاردہ سے کشن گھاٹی تک کا سارا علاقہ آباد تھا۔ کشن گھاٹی شاردہ کی مرکزی عمارت سے تین کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع ایک پہاڑی کا نام ہے۔ جسے مقدس تصور کیا جاتا تھا۔ یہاں ایک لمبی غار تھی جس میں ایک بت بنوایا گیا تھا۔ جس کے نیچے مردوں کو جلایا جاتا ہے اور اس راکھ کو کشن گنگا (موجودہ دریائے نیلم) میں بہا دیا جاتا تھا۔ شاردہ ماضی بعید ناگا اور راوڑ قبائل کا مسکن رہا ہے۔ جس کے مذہبی عقائد بدھ اور جین مت سے ملتے جلتے ہیں۔ شاردہ قلعہ کے پس منظر سے لوگوں کی اکثریت نابلد ہے۔ اسی وجہ سے لوگوں میں اس تاریخی و تدریسی درسگاہ سے متعلق بڑی دلچسپ کہانیاں مشہور ہیں۔ جو یہاں آنے والے لوگوں کو سنائی جاتی ہے۔ تاہم آج یہ عمارت ایک پرانے کھنڈر کا نظارہ پیش کرتی ہے اور عدم توجہ کا شکار ہے۔ اس کی تعلیمی اور تدریسی اہمیت صرف ایک خواب لگتی ہے۔ شاردہ میں اہم تاریخی مقامات دیکھنے کے بعد ہم بذریعہ جیپ ہی آگے روانہ ہوئے اور قبل از غروب آفتاب ''کیل بالا'' پہنچے۔

رات قیام کے لئے ہوٹل بھی مل گیا۔ رات کے کھانے اور چائے سے لطف اندوز ہونے کے بعد ہم تھکاوٹ کی وجہ سے جلد ہی نیند کی آغوش میں چلے گئے۔

کیل بالا سے مظفرآباد تک

صبح ہوئی تو ہم بذریعہ جیپ ''شاؤنٹر جھیل'' دیکھنے کے لئے روانہ ہوئے۔ چونکہ یہاں سے جیپ کا ملنا مشکل ہوتا ہے اس لئے گزشتہ رات ڈرائیور نے ہمارے ساتھ ہی ہوٹل میں گزاری تھی تاکہ آج ہمیں بآسانی شاؤنٹر جھیل دکھا کر واپس لے جاسکے۔ انتہائی دشوار گزار راستے طے کر کے ہم جھیل پر پہنچے۔ مگر یہاں تو کچھ اور ہی نظارے تھے۔ شاؤنٹر کو جھیل کہتے ہوئے ہمیں خود ہچکچاہٹ ہو رہی تھی کہ آخر اسے کہیں تو کیا کہیں؟

یہاں سے ہم واپس روانہ ہوئے اور کیل بالا سے گزر کر ''کیل'' پہنچے۔ جہاں پاک فوج کے جوانوں کی تقریب جاری تھی۔ جس سے ہم دیر تک لطف اندوز ہوتے رہے۔ پھر چائے کے ساتھ خبریں سننے کے بعد ہم بذریعہ جیپ ''اٹھمقام'' روانہ ہوئے۔ یہاں اب ہمیں اپنی جیپ کو بھی الوداع کہہ کر باقی سفر وین کے ذریعے کرنا تھا۔ یہاں جیپ کے ڈرائیور جن کے ساتھ کافی اچھا وقت گزرا تھا بہت اداس دکھائی دے رہے تھے۔ ہمیں وین میں سوار کروا کے کچھ رقم جوس پینے کے لئے ہمارے ہاتھ میں تھما دی اور دعا کے ساتھ رخصت کیا۔

ہم جن راستوں پر سفر کر کے گئے تھے انہی راستوں پر سفر کرتے ہوئے رات تقریباً 10 بجے مظفرآباد پہنچے۔

آج رات ہمارا قیام بیت الذکر مظفرآباد میں تھا۔ ہم نے نہا دھو کر رات کے کھانے کے لئے ہوٹل کا رخ کیا۔ مظفرآباد اس رات بہت ہی خوبصورت لگ رہا تھا۔ پہاڑوں پر اوپر نیچے گھروں میں جلنے والی روشنیاں، ایسے لگ رہا تھا کہ جیسے کسی اونچے درخت کی ڈالیوں پر جگنوؤں کو بٹھا دیا گیا ہو۔ کھانے کے بعد کشادہ سڑکوں پر چلتے ہوئے، جہاں گرم سرد ہوا میں بہت ہی سکینت محسوس ہو رہی تھی ہم واپس بیت الذکر پہنچے۔

رات گزرنے کا احساس ہی نہ ہوا اور صبح ہو گئی ہم نے ناشتہ کیا اور بغیر وقت ضائع کئے سامان سفر باندھا اور بذریعہ وین مری جانے کے لئے روانہ ہوئے۔ راستے میں حسین مناظر کو دیکھتے ہوئے سارا سفر کٹ گیا اور ہم مری پہنچے۔

مری پہنچ کر ہم نے ایک کمرہ ہوٹل میں بک کروا کر اپنا تمام سامان وہاں رکھا اور سیر کو روانہ ہوئے۔

یہاں موسم توقع سے زیادہ خوشگوار تھا۔ کچھ ہی دیر گزری تھی کہ شدید دھند ہو گئی۔ چونکہ ہمارا قیام صرف چند گھنٹوں کے لئے تھا تو وہ بھی جلد ہی گزر گئے۔ اس

(باقی صفحہ 5 پر)

انسانی جسم گھر کی طرح ہے

اس کی مختلف بیماریوں سے حفاظت کرتے رہنا چاہئے

ہمارا جسم گھر سے مشابہ ہے ہماری ہڈیاں وہ شہتیر اورکڑیاں ہیں جن پر پوری عمارت استوار ہے۔ ہمارے پھیپھڑے روشندانوں کی حیثیت رکھتے ہیں جن کے توسط سے گھر کے اندر ہوا کی آمدورفت جاری رہتی ہے۔ ہمارا دماغ بالکل اس طرح کا فیوز باکس ہے جہاں سے پورے گھر کو بجلی کی فراہمی ممکن ہوتی ہے۔ ہماری آنتیں اور معدہ وغیرہ پانی کی سپلائی اور نکاسی آب کا سسٹم ہے۔ ہمارا منہ فوڈ پراسیسر ہے اور دل پانی کا مین سپلائی سسٹم۔ اسی طرح ہمارے بال لان کی گھاس سے مشابہت رکھتے ہیں۔ جسم کے اندر جمع شدہ چربی غیرضروری جنک فوڈ کا اجتماع ہے جو آپ بلاوجہ نگلتے رہتے ہیں اور آپ کی مائیں، بہنیں یا بیویاں اپنی محبت کے اظہار کیلئے آپ کو کھلاتی رہتی ہیں ان کا مقصد تو آپ کو صحت مند و توانا رکھنا اور دیکھنا تھا۔ مگر ایسی خوراکیں آپ کیلئے مہلک بھی ثابت ہوسکتی ہیں اس کا انہیں قطعی علم نہ تھا۔

اگر آپ کے اندر کا بلب فیوز ہوجاتا ہے تو آپ الیکٹریشن کو نہیں بلواتے کیونکہ الیکٹریشن اسے ٹھیک نہیں کرسکتا نہ بدل سکتا ہے۔ اسی طرح اگر آپ کے جسمانی سسٹم کے پائپ میں کوئی رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے تو پلمبر بلوا کر اس رکاوٹ کو دور کرنا ممکن نہیں ہوتا جب بھی جسمانی سسٹم میں کوئی خرابی واقع ہوتی ہے تو انسان خوفزدہ ہوجاتا ہے تاہم آپ خود اپنے جسم کے ایکسپرٹ ہوسکتے ہیں اور اسے تندرست و توانا رکھنے کیلئے کچھ باتیں ایسی ہیں جن پر عمل کرنے سے جسم صحت مند توانا اور چست رہ سکتا ہے اور کسی قسم کی جسمانی تکلیف لاحق نہیں ہوسکتی۔

دماغ پر جتنا بھی بوجھ ڈالا جائے یہ برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس ضمن میں بیلنس آپ کے دماغ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے۔ اس بیلنس کو قائم رکھنے کیلئے اوراس کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے بھی کچھ گر موجود ہیں۔ دماغی صلاحیتوں میں اضافے کے لئے ایک گر یہ ہے کہ آپ ایک ٹانگ پر کھڑے ہوجایئے اور آنکھیں بند کر لیجئے جب تک آپ اس حالت پر رہ سکتے ہیں کھڑے رہنے کی کوشش کیجئے کہ یہ عرصہ طویل سے طویل تر ہو۔ اگر آپ 45 سال کے یا اس سے بڑی عمر کے ہیں تو 20 سیکنڈ کا دورانیہ اس کے لئے کافی ہے۔ یہ ایک قسم کی ورزش ہے۔ اس کو ایک مراقبے کی قسم کہہ لیجئے بار بار ایسا کرنے سے ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ممکن ہے۔ ایسا کرنے سے نیورل سسٹم میں بھی تیزی پیدا ہوتی ہے۔ زیادہ ایکسرسائز یا ویٹ لفٹنگ سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوتا جو اس قسم کی چند سیکنڈ کی ورزش سے حاصل ہوتا ہے۔

آج کل بڑی بحث چل رہی ہے کہ کافی انسانی جسم کے لئے مضرت رساں ہے یا اس کے اندر موجود کیفین جو انسان کو سکون اور راحت بخشتی ہے آیا انسان کے لئے مفید ہے یا نہیں۔ مزید تحقیق سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ کافی کا استعمال دماغی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ اگر روزانہ دو کپ کافی استعمال کی جائے تو یہ کینسر اور الزائمر کے حملوں سے انسان کو محفوظ رکھنے میں ممدومعاون ہوتی ہے تاہم یہ کہنا ناممکن ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ اسی طرح وہ مشروبات جن کے اندر کیفین موجود ہوتی ہے خواہ وہ چائے ہو یا دوسرے سافٹ ڈرنکس وہ بھی متذکرۃ الصدر خصوصیات کے حامل تسلیم کئے جاتے ہیں تاہم یہ بات طے شدہ ہے کہ کیفین کا کثرت سے استعمال انسانی صحت کے لئے غیر مفید ہے دن میں دو مرتبہ سے زائد کافی کا استعمال مضرت رساں ثابت ہوسکتا ہے۔

دور حاضر بے چینی اور بے آرامی کا دور ہے ہر دوسرا شخص کمر درد کی شکایت میں مبتلا رہتا ہے تاہم اس کا واحد حل بستر پر لیٹے رہنا ہی ہے۔ کیونکہ درد کی شکایت ایک مرتبہ ہوجائے تو پھر بڑھتا رہتا ہے۔ درد کمر انسان کو کمزور کر کے رکھ دیتا ہے۔ انسان چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے اور سونے سے بھی معذور ہو جاتا ہے بلکہ لیٹنا بھی مشکل ہوجاتا ہے اس کا حل یہی ہے کہ فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے۔ زیادہ عرصہ لیٹے رہنے سے بھی درد کمر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ کیونکہ اس طرح کمر کے مسلز کمزور ہوسکتے ہیں اور آرام آنے میں بڑی دیر لگ سکتی ہے اور اس سے بچنے کیلئے آپ کے پٹھے مضبوط ہونے چاہئیں اس لئے ایسی حالت میں کام میں مصروف رہنا زیادہ مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ سخت کام کی بجائے ہلکے کام میں مصروف رہے اس سے دھیان بھی بٹ جاتا ہے اور پھر درد آہستہ آہستہ خود بخود درفع ہونے لگتا ہے۔ پیدل چلنا کمر کے درد کے دفعیہ کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ تاہم بہت زیادہ تیز چلنے سے تکلیف بڑھ سکتی ہے۔

آج کل ہارٹ اٹیک عام ہے۔ اصل بات تو یہ ہے کہ جب کسی کو یہ اٹیک ہوتا ہے تو اسے یہ پتہ نہیں ہوتا کہ یہ دل کا درد ہے۔ عجیب بات ہے کہ اس کے اندر دل کے دورے کے کوئی آثار بھی نہیں پائے جاتے تاکہ وہ متنبہ ہوسکے اور بروقت علاج کے لئے ڈاکٹر تک پہنچنے کا اہتمام کرسکے۔

1۔ سینے میں درد کا احساس، دم گھٹتا ہوا محسوس ہونا سینے پر دباؤ یا کھچاؤ کی غیرمعمولی کیفیت۔

2۔ جسم کے اوپری حصے میں کچھاؤ یا درد، بازو میں شدید درد، گردن کے پٹھے غیرمعمولی طور پر اکڑے ہوئے محسوس ہوں، جبڑے میں شدید درد، کندھا شدید درد میں مبتلا ہو۔

3۔ سانس لینے میں دشواری محسوس ہو رہی ہو۔

4۔ ٹھنڈے پسینے آ رہے ہوں۔

5۔ بلاوجہ سخت اور شدید تھکاوٹ کا احساس ہو۔

6۔ شدید متلی کا بلاوجہ احساس ہو۔

اگر ایسی صورت حال سے آپ دوچار ہیں تو یہ دل کے دورے کے آثار ہیں تاہم بعض کیفیات ایسی ہوتی ہیں جن کو بیان کرنا مشکل ہوتا ہے اور بعض ایسی کہ ان سے کچھ بھی اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ مثال کے طور پر لیری کنگ، جو انٹرویو کرنے کا بادشاہ مانا گیا ہے نے اپنی ٹاک شو کے دوران ایک مرتبہ دائیں بازو میں شدید درد محسوس کیا حالانکہ عموماً دل کے دورہ کے آثار میں بائیں بازو میں درد کی شدت کا احساس ہوتا ہے مگر اسے دائیں بازو میں درد محسوس ہوا کیونکہ دل کی نروز ڈائریکٹلی درد محسوس نہیں کرتیں جب ایسی صورتحال ہوتی ہے تو نروز الیکٹریکلی ناہموار اور غیرمستحکم ہوجاتی ہے جونہی وہ ریڑھ کی ہڈی کے سلسلہ کو کراس کرتی ہیں تو دوسری نروز کو شارٹ سرکٹ کردیتی ہیں یہی وجہ ہے آپ کا بازو یا سینہ درد کرنے لگتا ہے تاہم اگر وہ ریڑھ کی ہڈی کو کراس نہ کریں تو درد محسوس نہیں ہوتا۔

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ پاخانے میں خون آنا اندورنی طور پر کینسر کی علامت ہے حالانکہ یہ بات درست نہیں خون کا ایک قطرہ بھی پاخانے کو خون آلود رنگدار بنا سکتا ہے اور معدے میں کسی چھوٹی سی پھنسی کے پھٹنے کے باعث بھی ہوسکتا ہے مگر اسے کینسر نہیں کہا جاسکتا۔ تیز مصالحہ دار کھانے کھانے سے بھی یہ شکایت ہوسکتی ہے کیونکہ مصالحہ جات معدے کی اندرونی جلد کو چھیل دیتے ہیں جس سے خون آلود پاخانہ کا احتمال ہوتا ہے۔ السر قابل علاج ہے مگر کینسر کا علاج بہت مشکل ہے۔

یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ورزش کی کثرت اور خاص طور پر ویٹ لفٹنگ میں چہرہ کمزور دکھائی دیتا ہے۔ بدن توانا ہوجاتا ہے مگر چہرہ پتلا اور کم گوشت والا ہوجاتا ہے یہی تو صحت کی نشانی ہے چہرے کا بھاری اور بہت زیادہ بھرا ہونا صحت کی نشانی نہیں بلکہ یہ کئی امراض کو ظاہر کرتا ہے چہرے کا پتلا اور بغیر گوشت کے ہونا اور بدن فربہ اور طاقتور و مضبوط ہونا صحت کی نشاندہی کرتا ہے۔

خاص طور پر بچوں میں دستوں کی بیماری انہیں کمزور اور مریل کردیتی ہے اور انہیں جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ بعض اوقات موت بھی واقع ہوجاتی ہے اس کی وجہ جسم میں نمکیات اور پانی کی کمی ہے یہی وجہ ہے کہ اس صورت میں بچوں کو نمکول پلائی جاتی ہے ایسی حالت میں جسم میں پانی کی کمی واقع نہیں ہونے دینی چاہئے اور مریض کو خاص طور پر ابلے ہوئے چاول اور سوپ دینا چاہئے تاکہ پانی کی کمی اور نمک کی کمی پوری ہوسکے اس دوران ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہئے اوراس کی تجویز کردہ ادویہ استعمال کرنی چاہئیں۔

کہا جاتا ہے کہ انسان کے ہارمونز کی وافر مقدار جذبات کو کنٹرول کرنے میں ممدومعاون ہوتی ہے حالانکہ ایسا نہیں بلکہ اس کے الٹ ہے کیونکہ اصل میں ہمارے جذبات ہمارے ہارمونز کو کنٹرول کرتے ہیں اور ایسا بایوکیمیکل تغیرات کے سبب ہوتا ہے جو دماغ میں واقع ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ڈر اور خوف ہے یہ دماغ کے ایک کیمیکل سیٹ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ صرف مقصد کسی انہونی کا مقابلہ کرنے کے لئے الرٹ کرنا ہوتا ہے تاکہ انسان اس کا سامنا کرنے کے لئے مستعد ہوجائے جبکہ مسرت اور شادمانی دوسرے قسم کے کیمیکلز خارج کرتی ہے جو انسان کو سکون اور آرام کی صورت فراہم کرتے ہیں۔

وٹامنز کے سلسلہ میں بے حد مبالغہ آرائی سے کام لیا جاتا ہے۔ بعض کے نزدیک کھانا کھانے کی بجائے صرف وٹامن لے لئے جائیں تو بھوک کو اکتفا کرتے ہیں یہ بات درست نہیں۔ وٹامن کھانے کے قائم مقام نہیں ہوسکتے کھانے کا ایک پراسیس ہوتا ہے اس کے دوران غذا مائع کی شکل اختیار کرتی ہے تو اس سے خون بنتا ہے۔ اس پراسیس کی تکمیل کے لئے مائع خوراک کا استعمال بے حد لازمی ہوتا ہے اگر صرف وٹامنز پر ہی گزارہ کیا جائے تو ایک عرصہ بعد انسان ہڈیوں کا ڈھانچہ بن سکتا ہے ہاں یہ ضروری ہے کہ بعض صورتوں میں وٹامنز کا استعمال فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ کیلشیم اور وٹامن ڈی کے استعمال تک یہ بات کسی حد تک درست ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ کھانا ترک کردیا جائے صرف گولیاں ہی جسم کی ضرورت کے لئے کافی نہیں ہوسکتیں۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین۔ 7 مئی 2006ء)

بقیہ صفحہ 4 وادی نیلم کشمیر

دوران ہم نے نیو مری کے علاوہ کشمیر پوائنٹ پنڈی پوائنٹ وغیرہ کی سیر کی۔ نیز بازار سے بعض ضروری اشیاء اور تحائف خریدنے کے بعد ہم واپس اپنے ہوٹل کی طرف روانہ ہوئے۔ وہیں جا کر رات کا کھانا کھایا اور واپسی کی تیاری باندھی اور رات کو بذریعہ بس پہلے مری سے راولپنڈی اور پھر بذریعہ کوچ ربوہ کی طرف روانہ ہوئے۔

ابھی صبح کی سفیدی نہ پھوٹی تھی کہ ہم بخیروعافیت ربوہ پہنچے اور ان علاقوں سے واپسی پر دل میں جو تھوڑی سی اداسی تھی وہ سرزمین ربوہ پر پہلی نظر پڑتے ہی خوشی میں بدل گئی اور دل بے اختیار یہ کہہ اٹھا ؎

یا رب ہے تیرا احساں میں تیرے در پہ قرباں
تُو نے دیا ہے ایماں، تو ہر زماں نگہباں
تیرا کرم ہے ہر آں تُو ہے رحیم و رحماں
یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

حضرت معین الدین چشتی کے مختصر حالات زندگی

آپ کا اصل نام حسن تھا اور ''معین الدین'' کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپ کے والد کا اسم گرامی خواجہ غیاث الدین تھا۔ آپ 9 جمادی الآخر 523ھ پنجشنبہ بوقت مغرب بمقام سنجر پیدا ہوئے۔ آپ کی والدہ ماجدہ کا بیان ہے کہ ''جب خواجہ صاحب کی ولادت باسعادت ہوئی تو میرا تمام گھر نور سے بھر گیا تھا''۔

(تاریخ خواجہ معین الدین چشتی اجمیری ص25 سوانح عمری کلاں افضل بک ڈپو نمبر 1253 پھاڑی بھوجلد دہلی (ملخص)

نسب پاک بارہویں پشت میں حضرت امیر المومنین علی ابن طالب کرم اللہ وجہہ سے ملتا ہے۔

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ لکھتے ہیں!
اصل وطن قصبہ سنجرستان ہے۔ آپ کی پیدائش اصفہان میں ہوئی اور تعلیم و تربیت خراسان میں ہوئی۔ آپ کی عمر گیارہ برس ہوئی تو آپ کے والد ماجد کا انتقال ہو گیا۔ تین بھائی تھے۔

آپ ثمر قند تشریف لے آئے یہاں قرآن پاک حفظ کیا اور دیگر علوم حاصل کرنے میں مشغول ہوئے۔ بعدہ عراق کا سفر اختیار کیا یہاں بھی دینی علوم کے اکتساب کا سلسلہ جاری رہا۔ پھر قصبہ ہارون ضلع نیشا پور حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کی بیعت سے مشرف ہوئے۔

(خواجہ معین الدین چشتی از قطب الدین بختیار کاکیؒ مترجم سید محمد صاحب ناصر دہلوی۔ دنیا پبلیکیشنز D2-13/5 غازی آباد)

زیارت رسالت مآبؐ

حضرت خواجہ معین الدینؒ صاحب علوم ظاہری و باطنی کے حصول کے بعد دربار نبوی میں حاضری کے لئے مدینہ تشریف لے گئے اس بارہ میں لکھا۔

''آپؒ نے مزار اقدس پر حاضری دی ابھی مدینہ میں ہی تھے کہ خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ سے شرف ملاقات حاصل ہوا آپؐ خواجہ غریب نوازؒ کو خواب میں ہندوستان کی طرف جانے کی ہدایت فرماتے ہوئے کہہ رہے تھے معین الدین ہم نے تمہیں اللہ تعالیٰ کی رضاء و منشاء سے سلطان الہند مقرر کیا ہے۔''

(سیارہ ڈائجسٹ صفحہ نمبر 59 جلد دوم دسمبر 1986ء)

دربار رسالتؐ سے سلطان الہند کا خطاب پانے اور اصلاح کا حکم عطا ہونے پر آپ نے ہندوستان میں ہجرت کی۔

خواجہ معین الدین چشتی نے ہندوستان کی سرزمین پر پہلا قدم رکھتے ہی گنج بخش داتا علی ہجویریؒ کے مزار پر آپؒ نے چلہ کشی کی اور پھر ملتان تشریف لے گئے۔ ملتان ان دنوں ہندوستان میں علم و ادب کا گہوارہ تھا۔ آپ نے وہاں ہندوستان میں بولی جانے والی معروف زبانیں سیکھیں۔ کچھ عرصہ ملتان میں قیام کے بعد دلی تشریف لے گئے۔ پھر اجمیر کا رخ کیا۔

(سیارہ ڈائجسٹ دسمبر 1986ء)

اشاعت دین میں زندگی بسر کردی

اہل ہند قدیم رسم و رواج کے پابند تھے ہندو توہمات کا شکار تھے اہل ہند اپنے اصل مذہب کو بھلا بیٹھے تھے کئی خداؤں کو پوجتے ان سے مناجات کرتے آپ نے آکر ایک خدا کے پیارے پیغام توحید کو پیش کیا۔ اپنے اخلاق کریمانہ اور اسلام کی پُرکشش و دلنشین تعلیم سے اہل ہند کے دل جیت لئے آپ کے ذریعہ ہند میں لاکھوں انسان کفر کو الوداع کہہ کر مشرف بہ اسلام ہوئے۔

''آپ نے پوری زندگی تبلیغ و اشاعت میں بسر کر دی۔ آپ نے دین اسلام کے عروج کی خاطر ہند میں دن رات کام کیا اور اسلام کے نور سے کفر میں گھری سرزمین ہند کو منور کیا خواجہ صاحب پچاس برس ہند میں رہے یہاں کی رسومات کا بغور مطالعہ کیا۔''

آپ نے محسوس کیا یہاں کے باشندوں میں موسیقی کا بڑا دخل ہے اور یہ لوگ راگ رنگ کے دیوانے ہیں، چنانچہ آپ نے بھی موسیقی سے تبلیغ کا کام انجام دینے کا سوچا۔ آپ نے محفل سماع کی بنیاد ڈالی اس طرح ہندوؤں کے دل پسند طریق سے اسلام کا مؤثر انتہائی دلنشین انداز میں پیغام ان تک پہنچنے لگا، یہی محفل آہستہ آہستہ قوالی کی شکل اختیار کر گئی۔''

(سیارہ ڈائجسٹ دسمبر 1986ء)

آپ کے شاگرد

